BE SAFE CHICAGO

محفوظ رہیں۔
اندرونی مقام پر تفریح

CHICAGO

آہستہ آہستہ دوبارہ شروع کریں
(مرحلہ IV)

محفوظ رہیں۔ اندرونی مقام پر تفریح

اس گائیڈ میں کیا ہے؟

شکاگو کو احتیاط سے دوبارہ کھولنے کے لیے مندرجہ ذیل درکار ہے:

آپریشنل لچک اور نگرانی

لچک پذیر ماڈلز

بیماری کی چھٹی کے ساتھ لچک، ریموٹ کام (جب ممکن ہو)

آپریشن سے متعلق لچک

آپریشن سے متعلق لچک پذیری کے لیے تعاون (جیسے، متعدد شفٹس)

سفر سے متعلق رہنما خطوط

مقامات کے بیچ لوگوں کی نقل و حرکت پر پابندی

جانچ کرنا / ٹریک کرنا

جانچ کرنے اور ٹریک کرنے کی سہولت رسانی

محفوظ جگہیں اور حالات

داخلہ تک رسائی

جگہ تک رسائی حاصل کرنے کے لیے داخلہ/اخراج کی حالت

صفائی کے معیارات

جگہ کو جراثیم سے پاک کرنے کی خاطر لیے گئے اقدامات

مرئی رہنمائی

جگہ پر پوسٹ کردہ حفظان صحت کے وسائل اور رہنمائی

جائے کار کے حالات

لوگوں کی تعداد، ہوا داری، وغیرہ کی قدر پیمائی

صحت مندانہ میل جول

سماجی دوری

دوسرے افراد سے سماجی دوری پر تحدیدات

مجمع کا سائز

افراد کے مجمع پر تحدیدات

حفاظتی اسباب

افراد کا استعمال برائے حفاظتی اسباب

حفظان صحت کے تقاضے

صحت و صفائی سے متصف میل جول کو یقینی بنانا (جیسے، ہاتھ دھونا)

BE SAFE CHICAGO

محفوظ رہیں۔ اندرونی مقام پر تفریح

تمثیلی مثال



کیا چیز مختلف ہو سکتی ہے؟

1. صحت، صفائی اور جسمانی دوری کی یاددہانیوں والی **علامات جو تمام فیسیلیٹیز پر آویزاں ہوں**
2. تمام افراد **چہرے کی کورنگ پہنے ہوئے ہیں**، بشمول تفریحی سرگرمیوں میں حصہ لیتے ہوئے
3. صارفین کے بیچ **سامان کو سینیٹائز کرنے کے لیے فراہم کردہ سامان کو جراثیم سے پاک کرنا**
4. گھر سے باہر کے افراد کے بیچ **سماجی دوری کی مشق کی مشق کرنے والے افراد**
5. مشترکہ یا کرائے والا سامان (جیسے گیم کا سامان، کپڑے / جوتے) **ہر صارف کے استعمال کے بعد جراثیم سے پاک / سینیٹائز کیے جاتے ہیں**

آہستہ آہستہ دوبارہ شروع کریں
(مرحلہ IV)

محفوظ رہیں۔ اندرونی مقام پر تفریح

صحت مندانہ میل جول

جسمانی دوری (>6ft) کے لیے مناسب جگہ فراہم کریں

- فیسیلیٹیز کی تمام جگہوں میں ایک گھر کے علاوہ افراد کے بیچ 6 فٹ دوری کو یقینی بنائیں
- جہاں قابل اطلاق ہو، سامان یا تفریحی 'اسٹیشنز' کے بیچ 6 فٹ کا فاصلہ فراہم کریں (جیسے بولنگ لینز، آرکیڈ گیمز، گیمز ٹیبلز)، اگرٹھوس طبعي رکاوٹیں استعمال کی جاتی ہیں تو 3 فٹ کے فاصلے کی اجازت ہے

اندرونی مقام کی گنجائش 40%، اجتماعات میں 50 سے زائد افراد نہ ہوں

- عملے کے علاوہ، اندرونی مقام کی گنجائش کو اس کی زیادہ سے زیادہ گنجائش کے 40% تک محدود کریں
- ملازمین اور صارفین کے اجتماعات کو (جیسے بریک رومز، چیک آوٹ کی جگہوں پر) 6 فٹ کی سماجی دوری یقینی بناتے ہوئے 50 افراد تک محدود کریں
- لازمی ضروریات (جیسے کھانا، سروس، ریٹیل) متعلقہ صنعت کے رہنما خطوط کے مطابق دوبارہ کھل سکتی ہیں

BE SAFE CHICAGO

آہستہ آہستہ دوبارہ شروع کریں
(مرحلہ IV)

محفوظ رہیں۔ اندرونی مقام پر تفریح

صحت مندانہ میل جول

ملازمین اور گاہکوں کے ذریعہ حفاظتی پوشش پہنے جانے کو یقینی بنائیں

- کسی عمومی اندرونی یا بیرونی جگہوں پر، ناک اور منہ پر فیس کورنگز پہننا ضروروی ہے (ایسی طبی کیفیات یا معذوریوں کے حامل افراد کے لیے استثناء ہو سکتے ہیں جو انہیں بحفاظت فیس کورنگ پہننے سے باز رکھتا ہے)
- اگر ممکن ہو، تو جہاں قریبی رابطہ درکار ہے (جیسے ٹکٹنگ بوتھس)، وہاں طبعی رکاوٹیں استعمال کریں (جیسے پلیکسی گلاس) یا فیس کورنگز کے ساتھ ذاتی فیس شیلڈز
- تمام شرکاء اور ملازمین کو ہر وقت فیس کورنگز پہننی چاہیئں، بشمول اندرونی مقام پر تفریح کے دوران جس میں جسمانی سرگرمی درکار ہو (جیسے لیزر ٹیگ، پینٹ بال)
- اگر تفریحی سامان ناک اور منہ کے لیے دیگر فیس کورنگز فراہم کرتا ہو (جیسے ہیلمٹس) تو روایتی فیس کورنگز ہٹائی جا سکتی ہیں

ہاتھوں اور کثرت سے چھوئے جانے والے حصوں کی مستقل سینیٹائزیشن یقینی بنائیں

- گاہکوں کے استعمال کے لیے سینیٹائزنگ والے پروڈکٹس (جیسے صابن اور پانی، ہینڈ سینیٹائزر) فراہم کریں
- ملازمین کو کام پر واپس آتے وقت ان کی COVID-19 سے متعلق صحت و حفاظت کی تربیت مکمل کرنے کی حوصلہ افزائی کریں
- افراد کے ساتھ قریبی رابطے (جیسے سامان یا ٹولز کے استعمال کا عملی مظاہرہ کرنا) سے پہلے اور اس کے بعد ملازمین سے ہاتھ دھونے کا تقاضا کریں

BE SAFE CHICAGO

آہستہ آہستہ دوبارہ شروع کریں
(مرحلہ IV)

محفوظ رہیں۔ اندرونی مقام پر تفریح
محفوظ جگہیں اور کام کرنے کے حالات

ملازمین کی صحت کی اسکریننگ کا پروٹوکول تشکیل دیں

- گھر چھوڑنے سے پہلے تمام افراد کو علامات کو از خود شناخت کرنے اور علامات موجود ہونے کے صورت میں گھر پر رہنے کی ترغیب دی جاتی ہے
- اسٹبلشمنٹ میں داخل ہونے سے پہلے، ملازمین از خود اسکریننک کرکے COVID-19 کی علامات نہ ہونے کو یقینی بنائیں (جیسے، سوالنامہ – ضمیمہ دیکھیں)
- ملازمین میں اگر علامات نظر آ رہی ہوں یا وہ بیمار محسوس کرنے کی رپورٹ کر رہے ہوں تو انہیں کام پر رپورٹ نہیں کرنا چاہیے یا انہیں کام پر رہنے کی اجازت نہیں ہونی چاہیے

جگہوں اور زیادہ چھوئے جانے والے آئٹمز کے لیے یومیہ صفائی کے معیارات طے کریں

- صارفین کے بیچ سامان کی سینیٹیشن کے لیے آسان اور دستیاب جراثیم کش چیزیں فراہم کریں (جیسے بولنگ کی بالز، پول کے کیوز، پن بال مشینز)
- اگر وہ اپنے گھر سے باہر کسی نئے صارف کو منتقل کر رہے ہیں تو مربیوں سے استعمال شدہ سامان کو سینیٹائز کرنے کا تقاضا کریں (فراہم کردہ وائپس کے ساتھ)، یا ہر استعمال کے بعد سامان صاف کرنے کے لیے ملازم (ملازمین) وقف کریں
- زیادہ چھوئی جانے والی جگہوں (جیسے دروازے کے ہینڈل، کاؤنٹرز، لائٹ کے سوئچز) کو EPA رجسٹرڈ جراثیم کش سے کم از کم ہر دو گھنٹے میں صاف/سینیٹائز کریں
- ہر صارف کے استعمال کے بعد مشترکہ یا کرائے والا سامان (جیسے گیم کا سامان، کپڑے / جوتے) جراثیم سے پاک/سینیٹائز کریں
- روزانہ کی بارہا صفائی کے ساتھ (زیادہ چھوئے جانے والی جگہوں پر توجہ کے ساتھ) ہر رات کو گہری صفائی کروائیں
- وہ سرگرمیاں یا جگہیں جنہیں صارفین کے بیچ ٹھیک سے صاف نہیں کیا جا سکتا انہیں بند کر دیں (جیسے بال پٹس)
- اندرونی پلے گراؤنڈز کو بند رہنا چاہیئے

BE SAFE CHICAGO

محفوظ رہیں۔ اندرونی مقام پر تفریح
محفوظ جگہیں اور کام کرنے کے حالات

حفظان صحت کے معیارات اور داخلہ کے تقاضوں پر مرئی رہنمائی فراہم کریں

- تمام فیسیلٹیز پر صحت، حفظان صحت اور جسمانی دوری کے جامع اشارے پوسٹ کریں (جیسے، CDC کے رہنما خطوط کی جانب سے اشارے)
- گاہکوں کے داخلے کے لیے رہنما خطوط اور معیار پوسٹ کریں (جیسے فیس کورنگ پروٹوکلز، کسی بھی سہولت کی بندش)

جائے کار کی حالت میں رابطہ کم سے کم کرنے اور ہوا داری کو بہتر بنانے کے لیے ترامیم کریں

- 6 فٹ کی دوری یقینی بنانے کے لیے گیمز کو دوبارہ ترتیب دیں یا بند کریں (اگر درمیان میں ٹھوس رکاوٹ ہو تو 3 فٹ دوری کی اجازت ہے
- اگر قابل عمل ہو تو، اندرون کی جگہوں (جیسے، کھڑکیاں، ہوا داریوں) میں ہوا کی روانی CDC کے رہنما خطوط کے مطابق بڑھائیں
- گاہکوں کو تفریحی سرگرمیوں میں شرکت کے دوران یا سامان استعمال کرتے ہوئے کھانے یا پینے سے روکیں

BE SAFE CHICAGO

آہستہ آہستہ دوبارہ شروع کریں
(مرحلہ IV)

محفوظ رہیں۔ اندرونی مقام پر تفریح
آپریشنز اور نگرانی

جہاں بھی ممکن ہو شخصی کام کو محدود کریں

- جہاں ممکن ہو بذات خود میل جول کم سے کم کریں (جیسے، آن لائن تربیت / عملہ کی ورچوئل میٹنگ کا استعمال کرنے پر غور کریں)
- بیمار ملازمین سے گھر پر رہنے کا تقاضا کریں

جہاں بھی ممکن ہو شخصی کام کو محدود کریں

- جہاں ممکن ہو، اسٹیشنز، لینز یا کرائے کے سامان کی ریزرویشن کی حوصلہ افزائی کریں تاکہ متوقع گنجائش کی نگرانی کی جا سکے
- جہاں ممکن ہو حاضرین / گروپ کے اوور لیپ کو کم سے کم کریں، جہاں ضروری ہو شیڈول کردہ اپائنٹمنٹس یا صفائی کی ریزرویشنز کے درمیان اضافی وقت فراہم کریں
- ملازمین کو سماجی دوری اور حفظان صحت کے تقاضوں کی پیروی کے لیے مناسب پروٹوکولز پر تربیت دیں
- جہاں ممکن ہو ملازمین کے لیے A/B شفٹس کو فروغ دیں اور کلاس آفرنگز کے اوور لیپ کو محدود کریں

جہاں بھی ممکن ہو شخصی کام کو محدود کریں

- اگر قابل اطلاق ہو تو، متعدد مقامات پر عملہ کے سفر کو محدود کریں

BE SAFE CHICAGO

محفوظ رہیں۔ اندرونی مقام پر تفریح
آپریشنز اور نگرانی

جانچ کرنے اور پتہ لگانے کے پروٹوکول کے لیے CDPH اور CDC کی رہنمائی پر عمل کریں

- اگر ملازم COVID-19 کی زد میں آتا ہے تو انہیں کام پر واپسی سے پہلے تمام CDC کے رہنما خطوط پر عمل کرنا ضروری ہے
- اگر جانچ سے کسی ملازم کی شناخت COVID-19 مثبت کے بطور ہوتی ہے تو CDC کے رہنما خطوط کے مطابق صفائی اور جراثیم ربائی ہونا ضروری ہے
- جس کسی ملازم کا بھی ایسے ساتھی کارکن یا دیگر فرد سے قریبی رابطہ رہا ہے جس میں COVID-19 کی شناخت ہوئی ہے اسے CDC کے رہنما خطوط کے مطابق از خود قرنطینہ میں رکھنا چاہیئے
- اگر کسی فسیلیٹی کو 14 دنوں کے اندر اسٹبلشمنٹ سے وابستہ امکانی طور پر 2 یا زائد کیسز کا علم ہو جاتا ہے تو ملازمین سے CDPH کے پاس ان کیسز کی رپورٹ کرنے کا تقاضا کیا جاتا ہے
- CDPH کی دیگر تمام طے شدہ رہنما خطوط پر عمل کریں اور جائے کار میں وبا کے جواب میں CDPH کی تجاویز کی تعمیل کریں

محفوظ رہیں۔ اندرونی مقام پر تفریح

ضمیمہ

فرہنگ

مجمع: ایک سنگل گھرانے سے باہر افراد کا ایک گروپ جو ایک بے ساختہ یا منصوبہ بند پروگرام کا حصہ ہے اور دس منٹ سے زیادہ تک ایک دوسرے سے بات چیت کر رہا ہے

ہاتھ دھونا: کم از کم 20 سیکنڈ تک صابن اور پانی سے یا COVID-19 کا سبب بننے والے وائرس کو ختم کرنے کے قابل جراثیم کش کا استعمال کرکے کسی فرد کا ہاتھوں کو خوب اچھی طرح دھونے کا عمل

سماجی دوری: افراد، یا افراد کے گروپ کے بیچ کم از کم چھ فٹ کا طبعی فاصلہ۔

PPE: ذاتی حفاظتی آلات (جیسے، فیس کورنگز، چشمے، فیس شیلڈ)؛ صنعت اور مخصوص حالات کی بنیاد پر تقاضے مختلف ہیں

از خود اسکریننگ کا نمونہ سوالنامہ

از خود اسکریننگ: ایک پروٹوکول جس کے ذریعے کوئی ملازم شفٹ کے شروع میں سوالوں کا جواب دیتا ہے۔ کمشنر برائے صحت کی رہنمائی کے مطابق، سوالات میں یہ شامل ہو سکتے ہیں:

- کیا آپ کے جسم کا درجہ حرارت 100 ڈگری فارن ہائٹ سے زائد رہا ہے یا آپ نے 100 ڈگری فارن ہائٹ سے زائد جسم کے درجۂ حرارت کا علاج کرنے کے لیے پچھلے 24 گھنٹے میں بخار کم کرنے والی دوا استعمال کی ہے؟
- کیا آپ کو کوئی ایسی نئی کھانسی ہے جسے آپ صحت کی دیگر کیفیت سے منسوب نہیں کر سکتے ہیں؟
- کیا آپ کو کوئی ایسی نئی یا خراب ہوتی گلے کی خراش ہے جسے آپ صحت کی دیگر کیفیت سے منسوب نہیں کر سکتے ہیں؟
- کیا آپ کو سانس لینے میں کوئی نئی دقت ہے جسے آپ صحت کی دیگر کیفیت سے منسوب نہیں کر سکتے ہیں؟
- کیا آپ میں حالیہ دنوں میں بو یا ذائقے کا مکمل فقدان پیدا ہوا ہے؟

محفوظ رہیں۔ اندرونی مقام پر تفریح
صحت عامہ کے وسائل

مزید رہنمائی کے لیے ملکی وسائل

جائے کار سے متعلق عمومی رہنمائی

CDC – *COVID-19 کے جواب کی تائید کرنے والی سرگرمیاں اور پیش قدمیاں اور امریکہ کو دوبارہ کھولنے کے لیے صدر کا منصوبہ:*
https://www.cdc.gov/coronavirus/2019-ncov/downloads/php/CDC-Activities-Initiatives-for-COVID-19-Response.pdf

CDC – *کاروبار اور جائے کار کے لیے رہنمائی*
https://www.cdc.gov/coronavirus/2019-ncov/community/organizations/businesses-employers.html

OSHA *جائے کار کو COVID-19 کے لیے تیار کرنے سے متعلق رہنمائی:*
https://www.osha.gov/Publications/OSHA3990.pdf

اندرونی مقام پر تفریح کے لیے رہنما خطوط

CDC – کسینوز اور گیمنگ آپریشنز کے لیے سفارشات
https://www.cdc.gov/coronavirus/2019-ncov/community/organizations/business-employers/casinos-gaming-operations.html

اعلان دستبرداری

اس دستاویز میں فراہم کردہ کوئی بھی لنکس صرف سہولت اور معلوماتی مقاصد کے لیے ہیں؛ ان سے کسی پروڈکٹ، خدمات یا کارپوریشن یا تنظیم یا فرد کی آراء کی سٹی آف شکاگو کی جانب سے تائید یا منظوری لازم نہیں آتی ہے۔ سٹی آف شکاگو خارجی سائٹ کی درستگی، قانونی جواز یا مشمولات کی یا بعد کے لنکس کی کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتی ہے۔ اس مواد سے متعلق سوالات کے جوابات کے لیے خارجی سائٹ سے رابطہ کریں۔